محمدؐ، رحمتِ عظمیٰ، محمد انور حیات محمد۔ ناشر: بلیسنگ پبلشرز، لالہ زار، لاہور۔ فون: ۴۲۱۷۹۲۵-۰۳۲۱۔ صفحات: ۲۱۶۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔

مصنف نے یہ کتاب اپنے تئیں 'کالجوں اور یونی ورسٹیوں کے تعلیم یافتہ افراد کے لیے جدید اسلوب' میں لکھی ہے کیوں کہ 'ایک ایسی کتاب کی ضرورت تھی' جو 'کئی کتابوں سے بے نیاز کردے' (ص ۱۳-۱۴)۔ مگر ہماری راے میں اگر اسے سیرت کی ایک مربوط اور مکمل کتاب سمجھ کر پڑھا جائے گا تو مایوسی ہوگی۔

ولادت سے وفات تک آں حضوؐر کی زندگی کے اہم واقعات کو صرف گیارہ صفحات میں سمیٹ دیا گیا ہے۔ آں حضوؐر پر فقط ایک سوانحی مضمون ہے، جب کہ باقی پوری کتاب متفرقات و متعلقاتِ سیرت پر مشتمل ہے، مثلاً چند عنوانات: ● قرآن میں آپؐ کا مقام ● ختمِ نبوت پر دلائل ● علامہ اقبال کا خراجِ تحسین ● نپولین اور دیگر نام وَر غیرمسلم اکابرین کا خراجِ تحسین۔ (اسی ضمن میں یوسف ایسٹس کا ۱۶ صفحات کا انگریزی مضمون۔ اُردو کتاب میں اس کی شمولیت کا کوئی محل نہیں ہے)۔ آخر میں قرآنِ مجید کے 'خالص اسلامی موضوعات اور مضامین' اور مضامینِ قرآنِ حکیم (ایک اشاریہ) جس سے پتا چلتا ہے کہ قرآن میں کہاں کہاں اسلام کی مطلوبہ خوبیوں (سچائی، صبروتحمل، درگزر، رحم، مہربانی، شکرگزاری، مسائل کا حل، اسلامی حکومت وغیرہ) کا ذکر ملتا ہے۔

اُردو قارئین کے لیے انگریزی عنوانات بلاضرورت ہیں۔ کتاب کے نام کے ساتھ اندرونی اور بیرونی سرورق پر Supreme Blessing لکھنے کی وجہ؟ اس طرح عنوانات: Supreme Authority اور Supreme Classic کی ضرورت نہ تھی۔ اشاعتی اور طباعتی معیار اطمینان بخش ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

مناظرِ قیامت، سیّد قطب شہید (ترجمہ: محمد نصراللہ خاں خازن)۔ ناشر: مکتبہ تعمیر انسانیت، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۱۰۵۳۰-۰۴۲۔ صفحات: ۳۹۲۔ قیمت: ۴۸۰ روپے۔

مسلم دنیا میں بیداری کی موجودہ لہر میں، اقبال، حسن البنا، مولانا مودودی اور سید قطب شہید کا شمار قائدین کی حیثیت سے ہوتا ہے۔

سیّد قطب بنیادی طور پر ادیب تھے، لیکن ۴۰ سال کی عمر میں جب انھوں نے ایمان کی تازگی